خالد عثمان پر میچ فیس کا 25فیصد جرمانہ عائد

لاہور، 22نومبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کےمیچ میں امپائر کے فیصلے پر اعتراض کرنے پرخیبرپختونخوا کے کرکٹر خالد عثمان پر میچ فیس کا 25فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا ہے۔ خالد عثمان کو این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں ناردرن کے خلاف دسویں راؤنڈ کے میچ میں امپائر کے فیصلے پر اعتراض کرنے سے متعلق لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

میچ کے دوران خیبرپختونخوا کی پہلی اننگز میں بلے باز خالد عثمان امپائر کی جانب سےایل بی ڈبلیوآوٹ دئیے جانے کے باوجود کافی دیر کریز پر موجود رہے۔

آن فیلڈ امپائرز خالد محمود سینئر اور طاہر رشید نے خالد عثمان کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.8 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

خیبرپختونخوا کے کرکٹر کی جانب سے اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری علی گوہر نے خالدعثمان پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کردیا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk